## سبق - 7

# بچّے کی تمنا

اچھّے اچھّے کام کروں گا
روشن جگ میں نام کروں گا
علم کروں گا اونچا حاصل
اور پھر اس کو عام کروں گا
محنت سے ملتی ہے راحت
محنت صبح و شام کروں گا
چمک چمک کر جگنو جیسا
اجلی ہر اک شام کروں گا
اپنے بڑوں کا اپنے وطن کا
اک دن اونچا نام کروں گا



## مشق اور سوالات

**(1)** یاد کرو

جگ = دنیا

راحت = آرام

وطن = دیس، ملک

**(2)** نیچے لکھے ہوئے سوالات کے جواب دیجئے۔

1۔ بڑے ہو کر تم کیا بنو گے؟ بڑے ہو کر ہم اچھے انسان بنیں گے

2۔ جگ میں نام کس طرح روشن کرو گے؟

3۔ تمہارے وطن کا نام کیا ہے؟ ہندوستان

4۔ جگنو کی چمک سے کیا سبق حاصل کرو گے؟

**(3)** نیچے لکھے شعر پورا کیجئے:۔

1۔ اچھے اچھے کام کروں گا

روشن جگ میں نام کروں گا

2۔ علم کروں گا اونچا حاصل

اور پھر اس کو عام کروں گا

3۔ اپنے بڑوں کا اپنے وطن کا

اپنے بڑوں کا اپنے وطن کا

(4) نیچے لکھے لفظوں کو خالی جگہوں میں بھریئے۔

روشن ۔ اونچا ۔ محنت ۔ جگنو ۔ جیسا ۔ بڑوں کا ۔ اونچا نام

1۔ ایک دن ....اونچا نام.... کروں گا

2۔ چمک چمک کر ....جگنو جیسا....

3۔ ....روشن.... صبح وشام کروں گا

4۔ ....اونچا.... جگ میں نام کروں گا

5۔ علم کروں گا ....بڑوں کا.... حاصل

6۔ اپنے ....محنت.... اپنے وطن کا۔

(5) اس نظم کو زبانی یاد کیجیے اور ترنم کے ساتھ پڑھیے:۔

